ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(121)

20-02-2023

**بہاول پور ( ) آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔ پولیس کے چاق وچوبند دستے کی سلامی، پولیس کے نوجوانوں کا ٹرن آؤٹ بھی چیک کیا، اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ فٹنس اور ڈسپلن پر خصوصی توجہ دی جائے، ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جنرل پریڈ میں ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ، ڈولفن فورس اور ٹریفک اسٹاف نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق وچوبند دستوں نے پریڈ کی اور جنرل سلامی دی افسران نے جنرل پریڈ کا ملاحظہ اور ٹرن آوٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ کا مقصد آفیسران و جوانوں کی جسمانی فٹنس کو برقرار رکھنا ہے انہوں نے پریڈ میں شامل آفیسران اور جوانوں سے کہا کہ اپنی صحت اور فٹنس کا خاص خیال رکھیں تا کہ آپ بہتر چاق وچوبند ہو کر فرائض سرانجام دے سکیں اور معاشرے میں برائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرسکیں۔ بعد ازاں ایم ٹی سیکشن میں سرکاری وہیکلز کا معائنہ کیا گیا اور ڈرائیوروں کو سرکاری وہیکلز کی حفاظت کے بارے ہدایات دی گئیں۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا جنرل پریڈ کا مقصد پولیس فورس کا ٹرن آؤٹ اور چست وتندروست ہونا بہت لازمی ہے تا کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی با خوبی ادا کر سکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاول پور ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد، پولیس کے چاق وچوبند دستے کی سلامی**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(122)

20-02-2023

**بہاول پور ( ) ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی بڑی کارروائی،03 کلو سے زائد ہیروئن برآمد،ملزم پابند سلاسل،مقدمہ درج۔منشیات جیسے زہر کو ہر قیمت پر ختم کر کے ہی دم لیں گے۔ملزم کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیتے ہوئے ان کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی منشیات کے خلاف مہم بھر پور طور پر جاری۔تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے بھاری مقدار میں ہیروئین برآمد کر لی تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے خفیہ اطلاع پر منشیات فروشی کے خلاف بھرپور کارروائی کی۔دوران کارروائی ملزم محمد جاوید سے 3 کلو دوسو گرام ہیروئن برآمد۔ملزم محمد جاوید ولد فیض شاہدرہ کا رہائشی ہے۔پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔آئی جی پنجاب کی منشیات فروشی کے خلاف جاری مہم میں یہ اہم پیش رفت ہے۔ڈی پی او نے کہا منشیات جیسے زہر کو ہر قیمت پر ختم کرنے کا عہد ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے تھانہ صدر بہاولپور کی دن رات محنت کو خوب سراہا اور شاباش دی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او نے کہا سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور





**تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی بڑی کارروائی،03 کلو سے زائد ہیروئن برآمد،ملزم پابند سلاسل**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(123)

20.02.2023

**بہاولپور(    )ڈی پی او سید محمد عباس کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری۔متعدد شہریوں کی شرکت۔موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری۔بہاولپور کے شہریوں کے جائز مسائل ہر طور پر حل کیے جائیں گے۔تاکہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد بحال رہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے بہاولپور کے شہریوں کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔گزشتہ روز متعدد شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے ڈی پی او آفس کا رخ کیا اور ڈی پی او کو اپنے مسائل کے حل کیلئے درخواستیں دیں۔ڈی پی او نے موقع پر ہی تمام معزز شہریوں کو بذات خود سنا اور ان کے پولیس سے متعلقہ درپیش مسائل کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈی پی او نے شہریوں سے بات کرت ہوئے کہا کہ بہاولپور کے شہری میرے لیے وی آئی پیز ہیں اور ان کو باعزت طور پر سننا اور مسائل کو حل کرنا میری اولین ذمہ داری ہے۔کوئی بھی شخص بلا جھجک اپنا ایشو لیکر میرے پاس آ سکتا ہے تاکہ ان کے مسئلہ کو میرٹ پر حل کیا جا سکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ پولیس کے لیے عوام میں اعتماد کا ہونا ضروری ہے تاکہ وہ اپنے مسائل بلا جھجک پولیس کو بیان کر سکیں۔جس پر ہمارا فرض ہے کہ ہر ممکن طور پر ان شہریوں کے مسائل حل کریں۔

ترجمانِ پولیس بہاولپور۔



بہاولپور،ڈی پی او سید محمد عباس کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری۔متعدد شہریوں کی شرکت